www.KitaboSunnat.com



جناب عبدالرحمٰن عاجز

# غم

اس نظم میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ ہر شعر میں لفظِ "غم" ضرور آئے

آنکھ پُرنم ہے غمِ فرقت سے دل رنجور ہے
داستانِ غم سنانے پر زباں مجبور ہے

جب کوئی ساتھی نہیں ہوتا تو غم دیتا ہے ساتھ
غم حقیقت میں رفیقِ ہر دلِ مہجور ہے

غم نہ کر کوئی نہیں تیرا یہاں گر غم گسار
یہ جہانِ غم ہے۔ غم سے یہ جہاں معمور ہے

اس جہانِ غم میں مثلِ لالۂ خونیں کفن
دل مرا ہنستے ہوئے بھی کس قدر رنجور ہے

ایک جاں ہے جو ہزاروں غم سے ہے آتش بجاں
ایک دل ہے سینکڑوں فکروں میں جو محصور ہے

دوستو! ہم کس لیے سعیِ نجاتِ غم کریں
غم سے جب لذت کشِ راحت دل مجبور ہے

ہو غمِ دورِ فلک، یا ہو غمِ جورِ حبیب
عاشقِ جانباز تو ہر حال میں مسرور ہے

غم نہ کر اے کشتۂ دار و رسن کچھ غم نہ کر!
سرخیِ رودادِ غم خونِ دلِ منصور ہے

بحرِ غم میں ڈوب کر ہم پر یہ روشن ہو گیا
ظلمتِ یاس و الم میں غم چراغِ طور ہے

فکر و حسرت، یاس و حرماں، سوز و غم، رنج و ملال
اس شرابِ ناب سے ہر جامِ دل معمور ہے

ہے مآلِ راحتِ دنیا۔ غم و رنج و ملال،
اور غمِ عقبیٰ میں عیشِ جاوداں مستور ہے

آخرت کا غم، غمِ دنیا کا ہے کامل علاج
آیتِ حق ہے یہ جو قرآن میں مذکور ہے

کیا نہیں عاجز تجھے کچھ بھی غمِ روزِ حساب
چند روزہ زندگی پر کس قدر مغرور ہے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ